# سٹیزن بجٹ

## 2020 - 21

فنانس ڈویژن حکومت پاکستان

# پیش لفظ

شہریوں تک حقائق پہنچانے کے لیےاور کارِحکومت میں شفافیت اور غیر جانبداریت کو اہمیت دیتے ہوئے سٹیزن بجٹ وفاقی حکومت کی کاوشوں میں سے ایک ہے۔اس کتابچے کا مقصد عام شہری کو آسان اور عام فہم الفاظ میں ملک کے اخراجات اور آمدنی سے آگاہی دینا ہے۔کتابچے میں مالی سال 2020-21ء کے دوران فلاح و بہبود کے لیے اٹھائے جانے والے اقدامات کا ایک مختصر اور عمومی جائزہ پیش کیا گیا ہے۔حکومت کے اٹھائے گئے چیدہ چیدہ اقدامات کی تفصیل اور ماضی میں اس ضمن میں کی گئی کاوشوں کا تقابلی جائزہ بھی پیش کیا گیا ہے۔کتابچہ حکومتی اقدامات کا مختصر جائزہ پیش کرتا ہے۔

سالانہ آمدنی اوراخراجات کے تخمینہ سے حکومت کی ترجیحات اور پالیسیوں کی بہتر جانچ ہوسکتی ہے۔موجودہ حکومت کو ایک غیر مستحکم اورمشکل ترین معیشت کو بہتری کی طرف لانے کا مرحلہ درپیش تھا۔ اس ضمن میں کرپشن کا خاتمہ، سرکاری اداروں کی کارکردگی میں شفافیت اور میرٹ پر فیصلہ سازی رہنما اصول ہیں۔حکومت معاشرے کے کمزوراور پسماندہ طبقات کی حالت بہتر بنانے کے لیے کوشاں ہے۔ مفلسی وغربت کا خاتمہ، روزگار کی فراہمی، بہتر سماجی سہولیات، ٹیکسوں کے نظام میں بہتری، صنعت و زراعت کی ترقی، برآمدات میں اضافہ، کفایت شعاری، مالی خسارہ میں کمی اورافراطِ زر پر کنٹرول، تعلیم و صحت کے شعبہ جات میں بہتری کے ساتھ ساتھ بین الاقوامی سطح پر ملک کی معاشی ساکھ بہتر بنانا حکومت کی ترجیحات ہیں۔

شعبہ خزانہ
اسلام آباد، 12 جون 2020

نوید کامران بلوچ
سیکریٹری، حکومت پاکستان

# وفاقی بجٹ ایک نظر میں

## جی ڈی پی




45667 BN

## افراط زر



6.5 %

## شرح نمو




2.1 %

## بیرونی براہ راست سرمایہ کاری



25 % کا اضافہ

## مجموعی ملکی پیداوار کا حجم



6.573 BN

## ایف بی آر محصولات

FBR PAKISTAN

4963 BN

## نان ٹیکس محاصل




16.10 BN

## کل وفاقی اخراجات

7136 BN

## بجٹ خسارہ

3437 BN

# وفاقی بجٹ ایک نظر میں

- معاشی شرح نمو کو 0.38- فیصد سے بڑھا کر 2 فیصد پر لایا جائے گا۔
- بجٹ کا خسارہ جی ڈی پی کے 9.6 فیصد سے گھٹا کر 7.2 فیصد کی سطح پر لایا جائے گا۔
- **Inflation** یعنی مہنگائی 11.3 فیصد سے کم کر کے 8 فیصد تک لائی جائے گی۔
- بیرونی براہ راست سرمایہ کاری (FDI) میں 25 فیصد تک کا اضافہ کیا جائے گا۔

حکومت نے تمام اہم شعبوں میں شفافیت، صلاحیت اور احتساب کے عمل میں بہتری لانے کے لیے سٹرکچرل ریفارمز شروع کیں۔ چیدہ چیدہ اصلاحات کی تفصیل کچھ یوں ہے:

بجٹ 21-2020ء کی حکمت عملی کے نمایاں خدوخال یہ ہیں۔

- وزیراعظم کی قیادت میں خصوصی اقدامات اور پروگراموں مثلاً کامیاب جوان، صحت کارڈ، بلین ٹری سونامی وغیرہ کا بھی تحفظ کیا گیا ہے۔
- معاشرے کے کمزور اور پسماندہ طبقات کی مدد کے لیے احساس پروگرام کے تحت سماجی اخراجات کا عمل جاری رکھنا۔
- تعمیراتی شعبے کے لیے مراعات بشمول نیا پاکستان ہاؤسنگ پراجیکٹ کے لیے وسائل مختص کئے گئے ہیں۔
- معاشرے کے مستحق طبقات کو Targetted سبسڈی دینے کے لیے سبسڈی نظام کو بہتر کیا جائے گا۔
- کورونا اخراجات اور مالیاتی خسارے کے مابین توازن قائم رکھنا۔
- کورونا کی تباہ کاریوں سے نبٹنے کے لیے اگلے مالی سال میں بھی عوام کی مدد جاری رکھنا۔
- ترقیاتی بجٹ کو موزوں سطح پر رکھنا تا کہ معاشی نمو میں اضافے کے مقاصد پورے ہو سکیں اور روزگار کے مواقع پیدا ہو سکیں۔
- ملک کے دفاع اور داخلی تحفظ کو خاطر خواہ اہمیت دی گئی ہے۔
- ٹیکسوں میں غیر ضروری ردوبدل کے بغیر محاصل کی وصولی میں بہتری لانے کے اقدامات کئے جا رہے ہیں۔
- خصوصی علاقوں یعنی سابقہ فاٹا، آزاد جموں وکشمیر اور گلگت بلتستان کے لیے بھی فنڈز رکھے گئے ہیں تا کہ وہاں ترقی اور معاشی نمو کا عمل یقینی بنے۔
- کفایت شعاری اور غیر ضروری اخراجات میں کمی یقینی بنائی جائے گی۔
- پرائمری بیلنس کو مناسب سطح پر رکھنا۔
- IMF پروگرام کو کامیابی سے جاری رکھنا۔
- NFC ایوارڈ پر نظر ثانی کی جائے گی۔

# جاری بجٹ کا تخمینہ

| سیکٹر | تخصیص |
|---|---|
| تعلیم | 79697252.000 |
| مواصلات | 172,741,058.000 |
| صحت | 25186820.000 |
| صنعت وتجارت | 27330280.000 |
| سائنس اینڈ ٹیکنالوجی | 9682268.000 |
| موسمیاتی تبدیلی | 462824.000 |
| خوراک وزراعت | 12879742.000 |
| آبی وسائل | 517011.000 |
| دفاعی اخراجات | 1300933458.000 |
| انسانی حقوق | 1172184.000 |
| تعمیرات | 4699343.000 |

# پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام کی تخصیص

| سیکٹر | تخصیص |
|---|---|
| تعلیم | 33996.06 |
| مواصلات | 142929.608 |
| صحت | 14508.180 |
| سماج تحفظ | 135.000 |
| صنعت وتجارت | 903.500 |
| خصوصی علاقہ جات/صوبائی حصص | 727354.094 |
| سائنس اینڈ ٹیکنالوجی | 4458.070 |
| موسمیاتی تبدیلی | 5000 |
| خوراک وزراعت | 12000 |
| ایس ڈی جی | 100.00 |
| کرونااورقدرتی آفات اخراجات | 70000 |
| آبی وسائل | 8125.00 |
| توانائی | 74497.770 |
| پٹرولیم | 1786.160 |
| دفاعی اخراجات | 2239.256 |
| انسانی حقوق | 258.00 |
| تعمیرات | 8736.903 |

## معیشت کی بحالی کیلئے مالی اقدامات

عوام اور کاروباری طبقہ کو مالی ذرائع فراہم کرنے اور آسانی پیدا کرنے کیلئے بنیادی اقدامات کئے جو کہ مندرجہ ذیل ہیں:

☆ پالیسی ریٹ میں 5.25 فیصد کی بڑی کمی کی گئی ہے جو 13.25 فیصد سے کم کر کے 8 فیصد کر دی گئی ہے۔

☆ کاروبار کے Payroll Loan میں 3 ماہ کے لیے شرح سود میں 4 فیصد کی رعایت دی گئی ہے تاکہ بیروزگاری سے بچا جا سکے۔

☆ انفرادی اور کاروباری قرضوں کے لیے بینکوں کو اضافی 800 ارب روپے قرض دینے کی اجازت دی گئی ہے جس کے لیے قرض کی حد میں اضافہ کیا گیا ہے۔

☆ اصل زر کی ادائیگی ایک سال کے لیے مؤخر کر کے سہولت بہم پہنچائی ہے۔



# اصلاحات اور کفایت شعاری

سرکاری اداروں میں کفایت شعاری اور ان کی تنظیم نو کے لیے قائم ٹاسک فورس نے اپنی رپورٹ پیش کی تھی جس کے مطابق 43 اداروں کی نجکاری، 8 غیر فعال اداروں کو بند کرنے، 14 اداروں کی صوبوں کو منتقلی کرنے اور 35 اداروں کو دوسرے اداروں میں ضم کرنے کی سفارش کی گئی ہے۔اس ریسٹرکچرنگ سے وفاقی حکومت کے غیر پیداواری مالیاتی بوجھ کو کم کیا جا سکے گا۔



# کرونا اور دیگر آفات کے تدارک کیلئے معاشی اقدامات

اس ضمن میں حکومت نے 1,200 ارب روپے سے زائد کے Stimulus Package کی منظوری دی ہے۔

مجموعی طور پر 875 ارب روپے کی رقم وفاقی بجٹ سے فراہم کی گئی ہے جو کہ درج ذیل کاموں کے لیے مختص ہے:

- طبی آلات کی خریداری، حفاظتی لباس اور طبی شعبے کے لیے 75 ارب روپے مختص کئے ہیں۔ 150 ارب روپے ایک کروڑ ساٹھ لاکھ کمزور اور غریب خاندانوں اور پناہ گناہ کے لیے مختص کیے۔ 200 ارب روپے روزانہ اجرت کمانے والے ورکرز/ ملازموں کو Cash transfer کے لیے مختص کیے۔
- 50 ارب روپے یوٹیلٹی سٹورز پر رعایتی نرخوں پر اشیاء کی فراہمی کے لیے مختص کیے۔
- 100 ارب روپے FBR کے لیے مختص تھے تا کہ وہ برآمد کنندگان کو ریفنڈز کا اجراء کرے۔
- 100 ارب روپے بجلی اور گیس کے مؤخر شدہ بلوں کے لیے مختص ہیں۔
- 100 ارب روپے SMEs اور زرعی شعبے کے دیگر Relief کے لیے ہیں۔
- 100 ارب روپے ایمرجنسی فنڈ قائم کرنے کے لیے مختص ہیں۔
- خوراک اور طبی ساز و سامان کی مد میں 15 ارب روپے کی ٹیکس کی چھوٹ دی۔
- 280 ارب روپے کسانوں کو گندم کی خریداری کی مد میں ادا کئے گئے۔
- پٹرول کی قیمتوں میں کمی کے ذریعے پاکستان کے عوام کو 70 ارب روپے کا ریلیف دیا گیا۔
- سالانہ ترقیاتی بجٹ میں کورونا کے سلسلہ میں منصوبوں کیلئے 70 ارب روپے رکھے گئے ہیں۔

SEHAT SAHULAT PROGRAM




EHSAAS
نئے پاکستان کا غریب دوست پروگرام

# تعلیم



## بنیادی تعلیم

وفاقی PSDP 2019-20 میں بنیادی اور کالج لیول کی تعلیم کے 28 منصوبے متعارف کروائے گئے جن کی کل مالیت 19,180.50 ملین ہے، اوران کیلئے 3580.12 ملین روپے مختص کئے گئے۔ صوبائی اور مقامی حکومتوں نے مالی سال 2019-20 کیلئے بنیادی اور کالج کی تعلیم کیلئے کل 77,505.67 ملین روپے مختص کئے۔ وفاقی حکومت مالی سال 2020-21 کیلئے کل 27 منصوبوں کیلئے رقوم مختص کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔ مالی سال 2020-21 میں ان منصوبوں کیلئے 4500 ملین روپے رکھے گئے ہیں۔

## اعلیٰ تعلیم

اعلیٰ تعلیم کے لیے وافر رقوم رکھی گئی ہیں۔ اس سلسلہ میں HEC کی Allocation میں جو 2019-20ء میں 59 ارب روپے تھی اس کو نامساعد حالات کے باوجود بڑھا کر 64 ارب روپے کردی گئی ہے۔






# توانائی

حکومت کی توجہ توانائی کے توسیعی منصوبوں اور بجلی کی ترسیل و تقسیم کا نظام بہتر بنانے اور گردشی قرضوں کو کم کرنے کی طرف مرکوز ہے۔سپیشل اکنامک زونز کو بجلی کی فراہمی کے منصوبوں اور غیر ملکی امداد سے چلنے والے منصوبوں کے لیے خاطر خواہ مالی وسائل رکھے گئے ہیں۔اس ضمن میں حکومت نے 68 ارب روپے مختص کیئے ہیں۔ان فنڈز کو خاص طور پر بجلی کی طلب اور پیداوار کے درمیان فرق کو ختم کرنے کے لیے رکھا گیا ہے۔





# زراعت اور غذائی تحفظ کیلئے اقدامات

تحفظ خوراک اور زراعت کے فروغ کے لیے 12 ارب روپے کی رقم مختص کی گئی ہے۔ خاص طور پر زرعی شعبے میں ریلیف پہنچانے کیلئے صوبوں کو ٹڈی دل کے حملوں سے محفوظ رکھنے اور اس کے خاتمے کے لیے 10 ارب روپے کی رقم رکھی گئی ہے۔





# مواصلات اور انفارمیشن ٹیکنالوجی

## مواصلات

پاکستان کے عوام کو سستی ٹرانسپورٹ سروسز فراہم کرنے کے لیے، پاکستان ریلوے کے لیے 40 ارب روپے کی رقم مختص کی گئی ہے۔

## قومی شاہراہیں اور ریلوے

صنعتی رابطوں، تجارت و کاروبار کے فروغ کے لیے NHA کے تحت جاری منصوبوں کی تکمیل کو ترجیح دی گئی ہے۔ بالخصوص سی پیک کے تحت منصوبوں کو بشمول مغربی روٹ کے لیے وافر وسائل فراہم کئے گئے ہیں۔ اس سلسلے میں 118 ارب روپے مختص کئے گئے ہیں۔ اسی طرح علاقائی اور صوبائی رابطوں بشمول ایم ایل-1 منصوبہ اور دیگر منصوبوں کے لیے 37 ارب روپے رکھے گئے ہیں۔





# سائنس اینڈ ٹیکنالوجی

Emerging Technologies اور Knowledge Economy کے اقدامات کو فروغ دینے کے لیے محققین اور تحقیقی اداروں کی صلاحیتوں اور گنجائش کو بڑھانا اشد ضروری ہے۔ مزید برآں IT، e-governance کی بنیاد پر چلنے والی سروسز اور 5G سیلولر سروسز کے آغاز پر حکومت کی توجہ ہے۔ ان شعبوں میں پراجیکٹس کے لیے 20 ارب روپے کی رقم رکھی گئی ہے۔

## ای۔گورننس


ای گورننس کے ذریعے پبلک سروسز کی فراہمی کو بہتر بنانا وزیراعظم عمران خان کا وژن ہے۔ وزیراعظم صاحب کی خصوصی ہدایات پر، وزارت انفارمیشن ٹیکنالوجی نے تمام وزارتوں اور ڈویژنز کو الیکٹرانک طور پر مربوط کرنے کا منصوبہ تیار کیا ہے۔ اس منصوبے پر عمل درآمد کرنے کے لیے 1 ارب روپے سے زائد کی رقم مختص کی گئی ہے۔





# آبی وسائل اور ماحولیاتی تحفظ

پاکستان پانی کے شدید بحران کا شکار رہے۔اس سال،حکومت پانی سے متعلق منصوبوں پر خصوصی توجہ دے رہی ہے اور اس ضمن میں 62 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں۔کثیر المقاصد ڈیم بالخصوص دیامر بھاشا،مہمند اور داسو کے لیے خاطر خواہ مالی وسائل فراہم کیے گئے ہیں۔





# آبی وسائل

پاکستان پانی کے شدید بحران کا شکار ہے۔اس سال،حکومت پانی سے متعلق منصوبوں پر خصوصی توجہ دے رہی ہے اوراس ضمن میں 62 ارب روپے مختص کئے گئے ہیں۔کثیر المقاصد ڈیم بالخصوص دیامر بھاشا،مہمند اور داسو کے لیے خاطر خواہ مالی وسائل فراہم کئے گئے ہیں۔



# موسمیاتی تبدیلی

موسمیاتی تبدیلیوں کے تناظر اور ماحول پر ظاہر ہونے والے اثرات کو سامنے رکھتے ہوئے پاکستان بھی اپنے آپ کو تیار کر رہا ہے۔ موسمیاتی تبدیلی کے پاکستان پر بھی بہت سے اثرات ہیں جیسے غیر موسمی بارشیں، فصلوں کے پیداواری رجحان میں کمی اور سیلابوں کی تباہ کاریاں۔ اس سال موسمیاتی تبدیلیوں سے نبٹنے سے متعلق اقدامات اکے لیے 6 ارب روپے مختص کیے جا رہے ہیں۔

